# بیلٹ پیشکش کی فیکٹ شیٹ

5 نومبر، 2019 کو، نیویارک کے باشندوں کے پاس بیلٹ کی ایسی پیشکشوں پر ووٹ دے کر جو، انتخابات سے لے کر پولیس کے احتساب تک وسیع تر موضوعات کا احاطہ کرنے والے ہمارے منشور — شہر کے آئین — میں ترمیم کرنے کا ایک موقع ہوگا۔ اس موسم خزاں میں، آپ اس پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

## سوال #1 – انتخابات

یہ پیش کردہ ترامیم:

- میئر، عوامی وکیل، محتسب، قصبے کا صدر، اور کونسل کے رکن کے دفاتر کے لیے بنیادی اور خصوصی انتخابات میں درجہ بند انتخاب کی رائے دہی کو تشکیل دیں۔ 5 امیدواروں تک کی درجہ بندی کی جا سکتی ہے۔ یہ 1 جنوری، 2021 کو یا اس کے بعد بنیادی اور خصوصی انتخابات پر لاگو ہوگا۔

- شہر کے کسی منصب کے 80 دنوں تک خالی رہنے کے بعد خصوصی انتخابات منعقد کرنے کے لیے وقت میں توسیع کریں گی تاکہ عسکری ووٹنگ اور پیشگی ووٹنگ سے متعلق ریاستی اور وفاقی قوانین کی معاونت کی جا سکے۔

- کونسل کے ضلعوں کی حد بندی کی ٹائم لائن میں ترمیم کریں گی تاکہ اس بات کی یقین دہانی کی جا سکے کہ 2023 کے بنیادی کونسل انتخابات کے لیے حدود وقت کے حساب سے قائم کی جا رہی ہیں۔

## سوال #2 – سویلین شکایت نظر ثانی بورڈ (CIVILIAN COMPLAINT REVIEW BOARD)

یہ پیش کردہ ترامیم:

- دو اراکین کو شامل کر کے سویلین شکایت نظر ثانی بورڈ(Civilian Complaint Review Board) (CCRB) کے ڈھانچے میں ترمیم کریں گی، جس میں سے ایک عوامی وکالت اور ایک میئر اور کونسل (جوکہ صدر کا کردار بھی ادا کرے گا) کی جانب سے مشترکہ تعیناتی ہو گی، اور یہ تعین کرے گی کہ کونسل اپنے اراکین کو براہ راست بورڈ پر تعینات کرے۔

- پولیس کمیشنر سے یہ مطالبہ کریں گی کہ کسی افسر پر اس طرح کا نظم و ضبط لاگو کرنے سے پہلے CCRB کو تفصیلی وضاحت فراہم کرے جو کہ CCRB یا NYPD کے ٹرائلز کے ڈپٹی کمیشنر کی جانب سے تجویز کردہ نظم و ضبط سے مختلف ہو۔

- CCRB بورڈ کو اس کے قابل بنائیں گی کہ اپنے عدالت کے سمن کا اختیار اپنے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو دے سکے۔

- CCRB کو اس قابل بنائیں گی کہ کسی ایسے تفتیش کرنے والے افسر کی جانب سے دیے جانے والے ممکنہ طور پر جھوٹے سرکاری بیانات کی تفتیش کر سکیں اور اگر مناسب ہو، تو نظم و ضبط کی تجویز دے سکے۔

- CCRB کو اس وقت تک کم سے کم بجٹ فراہم کریں گی جوکہ وردی والے پولیس افسران کے 0.65% کے مساوی CCRB کے عملے کی امداد کے لیے کافی ہوگا، جب تک کہ میئر یہ تعین نہ کرے کہ مالی ضرورت کے لیے کم بجٹ درکار ہے۔

## سوال #3 – اخلاقیات اور انتظامیہ

یہ پیش کردہ ترامیم:

- ان ملازمین/افسران کے لیے منتخب کردہ افسران اور بڑے عہدوں پر فائز کچھ مخصوص افسران کے لیے بعد از ملازمت حاضری پر پابندی (Post-Employment Appearance Ban) میں ایک سے دو سال تک کی توسیع کر دیں گی جو 1 جنوری، 2022 تک یا اس کے بعد شہر کی سروس چھوڑ دیں گے۔

## سوال #3 – اخلاقیات اور انتظامیہ (جاری ہے)

یہ پیش کردہ ترامیم:

- اب میئر کی جانب سے تعینات کردہ دو اراکین جن میں سے ایک رکن محتسب کی جانب سے اور دوسرا عوامی وکیل کی جانب سے تعینات کرتے ہوئے؛ اور اراکین کی مقررہ تعداد کے تقاضوں کو اپ ڈیٹ کر کے مفادات کے تصادم بورڈ (Conflicts of Interest Board) (COIB) کے ڈھانچے میں ترمیم کریں گی۔

- منتخب کردہ مقامی دفاتر کے لیے مہمات میں شرکت کو ممنوع کر کے، اور اس رقم کی زیادہ تر تعداد کو کم کر کے، اور شہر کے ساتھ معاملات کرنے والے افراد کی جانب سے امیدواران کو وصول ہونے والی رقومات میں حصہ ڈالنے کے لیے رقم کی زیادہ سے زیادہ مقدار میں تخفیف کرتے ہوئے ($400 یا اس سے کم، دفتر پر منحصر) COIB کی سیاسی سرگرمی کو محدود کر دیں گی۔

- یہ مطالبہ کریں گی کہ شہر بھر کا M/WBE ڈائریکٹر براہ راست میئر کو باخبر رکھے گا اور M/WBE کے نظامی دفتر کی جانب سے ان کی معاونت کی جائے گی۔

- میئر کی کارپوریشن مشیر کی تعیناتی کے لیے سٹی کونسل کے مشورے اور منظوری کا مطالبہ کریں گی۔

## سوال #4 – شہری بجٹ

یہ پیش کردہ ترامیم:

- شہر کو اس امر کی اجازت دیں گی کہ مستقبل کے سالوں میں استعمال کے لیے پیسے کی بچت کے لیے، مثلاً غیر متوقع مالی مشکلات کا حل نکالنے کے لیے "مشکل وقت کے فنڈ" کا استعمال کریں۔ اس مشکل وقت کے فنڈ کو استعمال کے قابل بنانے کے لیے ریاستی قانون میں تبدیلیاں بھی درکار ہوں گی۔

- عوامی وکیل اور قصبے کے صدور کے لیے مالی سال 2020 کے بجٹس کے مطابق یا ان سے زائد کے کم سے کم ضمانت شدہ بجٹس مقرر کریں، جو کہ مہنگائی میں کمی یا شہر کے کل خرچے کے بجٹ (مخصوص اجزاء کے علاوہ) کی شرح میں تبدیلی سے مستقبل کے مالی سالوں میں موافق بنائے گئے، جب تک کے میئر یہ تعین نہ کر لے کہ مالی ضرورت کے لیے کم بجٹ درکار ہے۔

- میئر سے یہ مطالبہ کریں گی کہ 20 اپریل (5 جون کی بجائے) تک سٹی کونسل میں آمدنی کا تخمینہ جمع کروائیں۔ اس تاریخ کے بعد میئر مالیاتی اندازے کو اپ ڈیٹ کرنے کے قابل ہو جائے گا، لیکن اگر اپ ڈیٹ مئی 25 کے بعد جمع کروائی جاتی ہے، تو میئر پر یہ وضاحت دینا لازمی ہوگا کہ اپ ڈیٹ کردہ تخمینہ مالیاتی طور پر ضروری کیوں تھا۔

- میئر سے یہ مطالبہ کریں گی کے سال کے دوران شہر کے مالی منصوبے میں کی جانے والی کسی بھی قسم کی میعادی اپ ڈیٹ جمع کروانے کے بعد 30 دنوں کے اندر اندر کونسل میں بجٹ میں کی جانے والی ترامیم جمع کروائے۔

## سوال #5 – زمین کا استعمال

یہ پیش کردہ ترامیم:

- شہری منصوبہ بندی کے محکمے سے یہ مطالبہ کر کے ULURP پری سرٹیفکیشن نوٹس پیریڈ فراہم کریں گی کہ درخواست کے عوامی جائزے کی تصدیق سے کم از کم 30 دن پہلے متاثرہ کمیونٹی بورڈ، قصبے کے صدر، اور قصبے کے بورڈ کی ULURP کی درخواستوں کا ایک تفصیلی پراجیکٹ خلاصہ ارسال کریں، اور اس خلاصے کو اپنی ویب سائٹ پر شائع کریں۔

- موجودہ 60 دن کے جائزے کی مدت سے لے کر جون میں تصدیق شدہ درخواستوں کے لیے 90 دنوں تک، اور 1 جولائی اور 15 جولائی کے درمیان تصدیق شدہ درخواستوں کے لیے 75 دنوں تک، 1 جون اور 15 جولائی کے درمیان شہری منصوبہ بندی کے محکمے کی جانب سے عوامی جائزے کے لیے تصدیق شدہ ULURP کی درخواستوں کا جائزہ لینے کے لیے کمیونٹی بورڈز کو اضافی وقت فراہم کریں گی۔